GLADSAXE

Aula

سکول کے ساتھ مواصلت

Aula

Aula کیا ہے؟

Aula اس وقت سے پرائمری سکولوں، سکول بعد کے کلبز، فرصت کے اوقات اور کلب کی سرگرمی کے مراکز اور نرسریوں میں مواصلت کا نیا پلیٹ فارم ہوگا جب Aula، 2019 میں SkoleIntra اور 2020 میں DagIntra کی جگہ لے گا۔

Aula کے معنی اسمبلی ہال ہے اور یہ معاشرے اور شرکت باہمی کا ترجمان ہے۔ Aula کے ذریعہ ہمیں ایک آسان، صارف دوست طریقہ سے مواصلت اور اشتراک کے لیے مشترکہ جگہ اور ایک محفوظ حل ملتا ہے جو کریش سے لے کر پرائمری سکول کے اختتام تک بچوں کے ساتھ رہتا ہے۔

سکولوں میں ہم اشتراک کے ذریعہ آپ کے بچے کی آموزش کے معاملات سے نمٹتے وقت Skoleportalen کا استعمال جاری رکھیں گے۔ یہاں، مثال کے طور پر، آپ اپنے بچے کا طالب علم والا منصوبہ دیکھ سکتے ہیں۔

Aula کے ساتھ آپ کو ملتا ہے...

...ایک آسان اور صارف دوست حل جو آپ کو آپ کے بچے کی روزمرّہ کی سرگرمیوں کا ایک بہتر منظرنامہ پیش کرتا ہے۔

...کریش سے لے کر پرائمری سکول کے اختتام تک آپ کے بچے کے بارے میں مواصلت کا ایک انٹری پوائنٹ

...تحفظ کی ایک اضافی پرت جو آپ کے بچے کے ڈیٹا کو محفوظ رکھتی ہے۔

Aula سے باہمی تعاون کو مضبوطی ملے گی

Aula کا ہدف والدین، عملہ اور طلباء کے درمیان باہمی تعاون کو تقویت اور مضبوطی دینا ہے۔

Aula کے ساتھ آپ کر سکتے ہیں...

- آپ کے بچے کے سکولی دن میں جو کچھ ہو رہا ہے اس کی متابعت
- عملہ اور دیگر والدین سے مواصلت
- تقریبات اور میٹنگوں کے لیے سائن اپ۔

تحریری مواصلت کے لیے Aula کو ایک اچھا اور خوشگوار مقام بنانے کے لیے ہم سبھی متحد ہیں۔ لہذا ہمیں بہتر لب و لہجہ برقرار رکھنے میں ایک دوسرے کی مدد کرنے اور "سبھی کو جواب" والے اختیار کا سوچ سمجھ کر استعمال کرنے کی ضرورت ہے۔

Aula کیسے حاصل اور استعمال کریں

1. aula.dk پر جائیں
2. “Parent” (والدین) کو منتخب کریں

3. اپنے UNI لاگ ان کے ساتھ لاگ ان کریں



کیا آپ اپنا صارف نام یا پاس ورڈ بھول گئے؟

"صارف نام اور پاس ورڈ بھول گئے؟" کو منتخب کریں اور NemID کے ساتھ لاگ ان کریں۔

پہلی بار **Aula** میں لاگ ان کرنے کے لیے ضروری ہے کہ آپ **NemID** کا استعمال کریں۔ وہاں ایسے متعدد امور ہوں گے جن کے لیے آپ کو اپنا مؤقف بیان کرنا ہوگا۔ مثال کے طور پر، کیا سکول آپ کے بچے کی تصویریں لے سکتا ہے، اور وہ اس کا کس طرح استعمال کر سکتا ہے۔ اگر آپ اپنا ذہن تبدیل کرلیتے ہیں تو **Aula** میں آپ ہمیشہ **“My profile”** (مائی پروفائل) کے تحت اپنا جواب تبدیل کر سکتے ہیں۔



1. یہاں آپ ان گروپوں کے تمام پوسٹس دیکھ سکتے ہیں جن کے آپ ممبر ہیں

2. یہاں پر آپ بات چیت اور انتظامات جیسے واقعات دیکھ سکتے ہیں

3. یہاں آپ پیغامات پڑھ اور لکھ سکتے ہیں۔ حساس یا رازدارانہ معلومات پڑھنے کے لیے ضروری ہے کہ آپ NemID استعمال کریں

4. یہاں آپ ان گروپوں کی جانب سے تصاویر اور ویڈیوز دیکھ سکتے ہیں جن کے آپ ممبر ہیں

5. یہاں آپ وہ فائلیں دیکھ سکتے ہیں جن کا اشتراک آپ کے ساتھ کیا گیا ہے

6. یہاں آپ اپنے ایک یا زیادہ بچوں کے بارے میں معلومات دیکھنے کا انتخاب کر سکتے ہیں

7. یہاں آپ کو ان گروپوں کو تلاش کر سکتے ہیں جن کے آپ ممبر ہیں

8. یہاں آپ Aula میں تلاش کر سکتے ہیں

9. یہاں آپ اپنے رابطے کی معلومات، ذاتی ریکارڈ، منظوری اور نوٹیفیکیشن کی ترتیبات دیکھ سکتے ہیں

Aula ایپ

آپ Aula ایپ کے ذریعہ بھی Aula میں لاگ ان کر سکتے ہیں۔

آپ خود سے چنا ہوا PIN کوڈ یا اپنے فنگر پرنٹ کا استعمال کر سکتے ہیں۔

آپ App Store یا Google Play برائے iPhone, iPad اور
میں ایپ ڈاؤن لوڈ کر سکتے ہیں۔
"Aula" تلاش کریں اور والدین کے لیے نیلے ورژن کا انتخاب کریں۔

Aula میں اپنے بچے کے ڈیٹا کو کیسے محفوظ رکھیں

اگر آپ ایسا پیغام لکھ رہے ہوں جو حساس یا رازدارانہ معلومات پر مشتمل ہو تو یہ ضروری ہے کہ آپ پیغام کو "حساس" کے طور پر نشان زد کریں۔

اگر آپ کو ایسا پیغام موصول ہوتا ہے جو حساس یا رازدارانہ معلومات پر مشتمل ہے تو آپ سے خود بخود اپنے NemID کا استعمال کرنے کی درخواست کی جائے گی۔

- ذاتی نمبر شناخت
- معلومات صحت
- نجی معاملات، جیسے
  - آموزشی دشواریاں
  - خاندانی رشتے
  - بیماریاں
  - طلاق
  - گود لینا
- مخصوص سماجی دشواریاں
- مذہبی عقیدہ
- نسل اور نسلی نژاد
- جنسی رشتے اور رجحان
- مجرمانہ رویہ اور سزا یابیاں

کیا آپ جانتے..

کہ آپ بطور ایپ NemID حاصل کر سکتے ہیں؟

NemID ایپ کے بارے میں nemid.nu پر مزید پڑھیں۔

اگر آپ کو مدد کی ضرورت ہے

gladsaxe.dk/aula پر Aula کے بارے میں رہنمائی اور معلومات تلاش کریں

اپنے Aula امدادی خدمت کو اس پتے پر لکھیں
aulasupport@gladsaxe.dk یا سکول سے رابطہ کریں۔

کیا آپ کو اپنی UNI•لاگ ان میں مسائل کا سامنا ہے؟

اگر آپ اپنا پاس ورڈ یا اپنا صارف نام بھول گئے ہوں تو، آپ اسے خود سے دوبارہ متعین سکتے ہیں۔ "Aula کیسے حاصل اور استعمال کریں" کے تحت دیکھیں

اگر آپ کو UNI•لاگ ان کے ساتھ دیگر مسائل ہوں تو، آپ کو سکول سے رابطہ کرنا چاہیے۔

تیار کردہ بذریعہ: Aarhus میونسپلٹی، ترمیم بذریعہ Gladsaxe میونسپلٹی - اگست 2019